سوال

(238) داڑھی کو کالا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

داڑھی کو کالے رنگ سے رنگنے اور ایسا کرنے والے کے بارے میں کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سفید بالو کو خواہ وہ سر میں ہوں یا داڑھی میں کالے رنگ سے رنگنا جائز نہیں ہے کیونکہ صحیح حدیث سے یہ ثابت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے اس سے منع فرمایا ہے کالے کے علاوہ دیگر رنگوں مثلاً سرخ اور پیلے سے رنگنا جائز ہے مہندی اور وسمہ ملا کر بھی استعمال کیے جاسکتے ہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا کہ :

غيروا هذا الشيب واجتنبوا السواد (صحیح مسلم)

"ان سفید بالوں کے رنگ کو بدل دو اور انہیں (حضرت ابو قحافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو) سیاہی کے استعمال سے بچاؤ۔" نیز آپ ﷺ نے فرمایا کہ :

ان اليهود والنصاري لا يصبغون فخالفوهم (صحیح مسلم)

"یہود و نصاری اپنے بالوں کو نہیں رنگتے لہذا تم ان کی مخالفت کرو۔"

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص38